## خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
## دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی

No.F/2/07/2020/S.I/129 Dated:03.05.2020

### حکم نامہ

چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (ڈی ڈی ایم اے) اس امر کا اطمینان کر چکی ہے کہ خطہ قومی راجدھانی دہلی میں کووڈ-19 کی وبا پھیلنے کا اندیشہ ہے، جسے عالمی تنظیم صحت پہلے ہی عالمی وبا قرار دے چکی ہے، اور اسے خطہ قومی راجدھانی دہلی میں پھیلنے سے روکنے کے لیے مؤثر اقدامات لینا ضروری سمجھتی ہے؛

نیز چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے صورت حال سے مناسب طور پر نپٹنے کی غرض سے تمام ضروری اقدامات لینے کے لیے متعلقہ اتھارٹیز کو وقتاً فوقتاً مختلف احکامات / ہدایات جاری کی ہیں؛

نیز چونکہ، وزارت داخلہ نے مختلف مقامات پر پھنسے ہوئے افراد کی نقل و حرکت کے متعلق حکم نامے نمبر 40-3/2020-DM-I(A) مؤرخہ 29.04.2020 اور 01.05.2020 کے ذریعے رہنما ہدایات / احکامات جاری کیے ہیں؛

نیز چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (DDMA) نے حکم نامے نمبر F.2/07/2020/S.I/122 مؤرخہ 01.05.2020 کے ذریعے ریاستوں / مرکزی علاقوں سے باہمی عمل کی غرض سے دہلی کے لیے نوڈل آفیسر، دہلی پولیس کا نوڈل آفیسر اور نوڈل آفیسرز مقرر کیے ہیں؛ جو پھنسے ہوئے افراد کے دہلی میں داخلے اور دہلی سے خارجی نقل و حرکت کو، جیسا بھی معاملہ ہو، بالترتیب اور باسہولت بنانے کے ذمہ دار ہوں گے۔

لہٰذا اب، ڈزاسٹر مینجمنٹ ایکٹ، 2005 کی دفعہ 22 کے تحت تفویض کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے، ذیل میں دستخط کنندہ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کی اسٹیٹ ایگزیکٹو کمیٹی، ڈی ڈی ایم اے کے چیئرپرسن کی حیثیت سے بذریعہ ہٰذا ہدایت دیتا ہے کہ مندرجہ ذیل کو خطہ قومی راجدھانی دہلی کی متعلقہ اتھارٹیز کے ذریعے سختی سے عمل آوری کے لیے نظر ثانی شدہ مکمل رہنما ہدایات میں شامل کیا جائے:

**افراد کی نقل و حرکت کے بارے میں فقرہ 17 کے تحت ضمنی فقرہ:(iv)**

(iv) لاک ڈاؤن کی وجہ سے مہاجر مزدور، زائرین، سیاح، طلبہ اور دیگر افراد مختلف مقامات پر پھنسے ہوئے ہیں۔ انھیں منسلکہ معیاری طریق کار (SOP) میں درج شرائط کے تحت نقل و حرکت کی اجازت دی جائے گی۔

**ٹرینوں کے ذریعے افراد کی نقل و حرکت کے بارے میں فقرہ 17 کے تحت ضمنی فقرہ (v):**

(v) مہاجر مزدوروں، زائرین، سیاحوں، طلبہ اور مختلف مقامات پر پھنسے ہوئے دیگر افراد کی وزارت ریلوے (MoR) کے ذریعے چلائی جانے والی خصوصی ٹرینوں سے نقل و حرکت کی اجازت ہے۔ وزارت ریلوے ان کی نقل و حرکت کے سلسلے میں ریاستوں / مرکزی علاقوں سے رابطہ کاری کے لیے نوڈل افسر / افسران مقرر کرے گی۔ وزارت ریلوے ٹکٹوں کی فروخت؛ اور سماجی فاصلے اور دیگر حفاظتی اقدامات کے سلسلے میں تفصیلی رہنماہدایات جاری کرے گی جن کی ریلوے اسٹیشنوں، ریلوے پلیٹ فارموں پر اور ٹرینوں میں پابندی کی جائے گی۔

مزید یہ حکم دیا جاتا ہے کہ حکم نامہ نمبر F.2/07/2020/S.I/122 مؤرخہ 01.05.2020 کے تسلسل میں، دہلی کے تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اپنی نگرانی میں دوسری ریاستوں / مرکزی علاقوں کے ایسے تمام مہاجر مزدوروں، زائرین، سیاحوں، طلبہ اور دیگر افراد کا جامع ڈیٹا بیس تیار کرائیں گے جو دہلی میں پھنسے ہوئے ہیں اور اپنے اپنے آبائی مقامات پر واپس جانے کے خواہش مند ہیں۔ اس مقصد سے، اپنے اپنے ضلعوں کے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور ان کے ہم منصب ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر آف پولیس-I کو بذریعۂ ہٰذا **ڈسٹرکٹ نوڈل آفیسر** مقرر کیا جاتا ہے، جو DUSIB کے CEO کے ذریعے تیار کی گئی ویب بیسڈ / آن لائن ایپلی کیشن میں تفصیلات اکٹھا کرنے کے بعد، ایسے پھنسے ہوئے افراد کے نام درج رجسٹر کرکے ڈیٹا بیس تیار کریں گے۔ شری گوپال موہن، ممبر، DDC، دہلی اور شری سندیپ جین، سائنٹسٹ، این آئی سی، دہلی اس کام میں مدد کریں گے۔

(وجے دیو)
چیف سیکرٹری، دہلی

برائے تعمیل نقل بخدمت:

1. کمشنر آف پولیس
2. شری پی کے گپتا، پرنسپل سیکرٹری (سماجی بہبود)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
3. شری ستیش چندر، اسپیشل کمشنر، دہلی پولیس
4. سروسز ڈیپارٹمنٹ کے حکم نامہ نمبر 140 مؤرخہ 15.04.2020 کے ذریعے نامزد کیے گئے تمام نوڈل افسران
5. پرنسپل سیکرٹری (ریوینیو) / ڈویژنل کمشنر، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
6. پرنسپل سیکرٹری (صحت اور خاندانی بہبود)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
7. کمشنر (ٹرانسپورٹ)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
8. مینیجنگ ڈائرکٹر، دہلی ٹرانسپورٹ کارپوریشن، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
9. مینیجنگ ڈائرکٹر، ڈی ٹی ٹی ڈی سی، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
10. چیف ایگزیکیوٹو آفیسر، ڈی یو ایس آئی بی، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
11. دہلی کے تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ

12. پولیس کے تمام ڈسٹرکٹ ڈپٹی کمشنر - نگرانی کرنے اور ان ہدایات کو اپنے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرس آف پولیس -Iتک پہنچانے کے لیے۔
13. دہلی کے تمام ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ
14. ڈائرکٹر (ڈی آئی پی)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
15. شری گوپال موہن، ممبر، ڈی ڈی سی، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
16. شری سندیپ جین، سائنٹسٹ، این آئی سی، دہلی

نقل برائے اطلاع بخدمت:

1. عزت مآب لیفٹننٹ گورنر، دہلی کے پرائیویٹ سیکرٹری
2. عزت مآب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے ایڈیشنل سیکرٹری
3. عزت مآب نائب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
4. عزت مآب وزیر ریوینیو، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
5. عزت مآب وزیر صحت، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
6. عزت مآب وزیر محنت، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
7. عزت مآب وزیر سماجی بہبود، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
8. عزت مآب وزیر غذا اور رسد، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
9. ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ہوم)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
10. ریاستوں / مرکزی علاقوں کے تمام ریزیڈنٹ کمشنر
11. سسٹم انالسٹ، آفس آف ڈویژنل کمشنر، دہلی، اس حکم نامے کو حکومت دہلی کی ویب سائٹ پر ڈالنے کے لیے۔
12. گارڈ فائل

# خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
# دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی

ANNEXURE

## <u>پھنسے ہوئے افراد کی خطہ قومی راجدھانی دہلی سے باہر اور دہلی میں داخلے کے لیے نقل و حرکت کا معیاری طریقِ عمل</u>
## <u>(StandardOperatingProcedure)</u>

A۔ دہلی سے باہر دوسری ریاستوں ر مرکزی علاقوں کو نقل و حرکت کے لیے

a. دہلی کے تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اپنی نگرانی میں دوسری ریاستوں ر مرکزی علاقوں کے ایسے تمام مہاجر مزدوروں، زائرین، سیاحوں، طلبہ اور دیگر افراد کا جامع ڈیٹا بیس تیار کرائیں گے جو دہلی میں پھنسے ہوئے ہیں اور اپنے اپنے آبائی مقامات پر واپس جانے کے خواہش مند ہیں۔ اس مقصد سے، اپنے اپنے ضلعوں کے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور ان کے ہم منصب ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر آف پولیس-I کو بذریعۂ ہذا ڈسٹرکٹ نوڈل آفیسر نامزد کیا جاتا ہے، جو ایسے پھنسے ہوئے افراد کے نام درج رجسٹر کریں گے۔ خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی نے پہلے ہی ہر ریاست ر مرکزی علاقے کے لیے نوڈل آفیسرز مقرر کر دیے ہیں جو تمام ریاستوں ر مرکزی علاقوں کے ریزیڈنٹ کمشنروں کے ساتھ باہمی عمل اور رابطہ کاری کریں گے۔ مذکورہ نوڈل افسران (نقل منسلک) اپنی اپنی ریاست ر مرکزی علاقے کے لیے جو اُن کے سپرد کیا گیا ہے کام کرنا جاری رکھیں گے۔

b. شری پی کے گپتا، پرنسپل سیکرٹری (سماجی بہبود)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی (موبائل: 08130698285) کو دہلی کے لیے نوڈل آفیسر نامزد کیا گیا ہے جو مختلف ریاستوں ر مرکزی علاقوں کے مذکورہ نوڈل افسران اور ریزیڈنٹ کمشنروں کے تعاون سے نظر ثانی شدہ مکمل رہنما ہدایات (نقل منسلک) کے فقرہ 17 کے تحت ضمنی فقرہ (iv) میں کی گئی وضاحت کے مطابق افراد کی دہلی سے باہر کی جانب نقل و حرکت کے اس تمام عمل اور مشق میں رابطہ کاری کریں گے۔ ریزیڈنٹ کمشنرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنی اپنی ریاستوں ر مرکزی علاقوں میں افراد کی نقل و حرکت سے متعلق تمام ضروری مدد ر تعاون اور اطلاعات فراہم کریں۔

c. شری مکتیش چندر، اسپیشل کمشنر آف پولیس، دہلی (موبائل: 09818099010) دہلی پولیس کے نوڈل آفیسر کے طور پر نامزد ہیں جو دہلی سے اپنی اپنی ریاستوں ر مرکزی علاقوں کو اور دوسری ریاستوں ر مرکزی علاقوں سے دہلی کو، جیسا بھی معاملہ ہو، نقل و حرکت کے لیے بھارت سرکار اور خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے طے کردہ پروٹوکول کے مطابق ریاستی نوڈل آفیسرز کو تمام مدد ر تعاون اور محکمۂ پولیس کی ضروری لاجسٹکس فراہم کریں گے۔

d. شری پی کے گپتا، پرنسپل سیکرٹری (سماجی بہبود)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی، ریاستوں ر مرکزی علاقوں کے ریزیڈنٹ کمشنروں کے ساتھ رابطہ کاری کریں گے اور، اس سلسلے میں ان کی خصوصی درخواست پر، افراد کی دہلی سے اپنی اپنی ریاستوں ر مرکزی علاقوں کو نقل و حرکت کے لیے بھارت سرکار اور خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے طے کردہ پروٹوکول کے مطابق ضروری اقدامات کریں گے۔

e. پرنسپل سیکرٹری (صحت اور خاندانی منصوبہ بندی)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی ایسے پھنسے ہوئے افراد کی مناسب اسکریننگ کے انتظامات کریں گے اور اُنھیں لوگوں کو دہلی سے جانے کی اجازت دیں گے جن میں علامات نہیں پائی جائیں گی۔

f. افراد کو گروپ میں لے جانے کے لیے بسوں کا استعمال کیا جائے گا۔ بسوں کو سینی ٹائز کیا جائے گا اور ان میں نشست میں سماجی فاصلے کے محفوظ اصولوں کو ملحوظ رکھا جائے گا۔ اس کے لیے کمشنر (ٹرانسپورٹ)، مینجنگ ڈائرکٹر (ڈی ٹی سی) اور مینجنگ ڈائرکٹر (ڈی ٹی ٹی سی)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی ریاستی نوڈل آفیسر کے ساتھ رابطہ کاری کریں گے اور ان افراد کے اپنے اپنے مقامات سے، جنھیں ریاستی نوڈل آفیسر کے ذریعے ریاستوں / مرکزی علاقوں کے ریزیڈنٹ کمشنروں کے مشورے سے طے کیا جائے گا، انٹر اسٹیٹ بس ٹرمنل (آئی ایس بی ٹی) / بین الریاستی سرحدوں پر خصوصی مقامات تک نقل و حرکت کے لیے ضروری تعداد میں بسوں کا انتظام کریں گے۔

g. وزارت ریلوے (MoR) کے ذریعے چلائی جانے والی خصوصی ٹرینوں کے ذریعے بھی مختلف مقامات پر پھنسے ہوئے مہاجر مزدوروں، زائرین، سیاحوں، طلبہ اور دیگر افراد کی نقل و حرکت کی اجازت ہے۔ ان کی نقل و حرکت کے لیے ریاستوں / مرکزی علاقوں کے ساتھ رابطہ کاری کی غرض سے وزارت ریلوے نوڈل آفیسر / آفیسرز نامزد کرے گی۔ ٹکٹوں کی فروخت؛ اور ریلوے اسٹیشنوں، ریلوے پلیٹ فارموں اور ٹرینوں کے اندر ملحوظ رکھے جانے والے سماجی فاصلے اور دیگر حفاظتی اقدامات پر وزارت ریلوے تفصیلی رہنما ہدایات جاری کرے گی۔

h. وہ تمام افراد جو سفر کے لیے خود اپنے انتظامات کرنا چاہتے ہیں اپنے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے ذریعے جاری کیے گئے ٹرانزٹ پاس پر سفر کر سکتے ہیں۔

i. ایسے پھنسے ہوئے افراد کی نقل و حرکت کے لیے ہر ریاست / مرکزی علاقہ دہلی میں پہلے سے نامزد بس ٹرمنلوں / مقامات پر مناسب تعداد میں بسیں بھیجنے کا انتظام کرے گا۔ بسوں کو سینی ٹائز کیا جانا چاہیے اور ان میں نشست کے لیے محفوظ سماجی فاصلے کے اصولوں کو ملحوظ رکھا جائے گا۔

j. دہلی سے روانگی کے وقت، ایسے افراد کو آروگیہ سیتو اَیپ کے استعمال کی جانب راغب کیا جائے گا تاکہ اس کے ذریعے سے ان کی صحت کی نگرانی اور خبر گیری کی جا سکے۔

B۔ دیگر ریاستوں / مرکزی علاقوں سے دہلی کے اندر نقل و حرکت کے لیے:

a. دیگر ریاستوں / مرکزی علاقوں میں پھنسے ہوئے دہلی کے باشندوں کی تعداد متعین کرنے کے لیے اسٹیٹ نوڈل آفیسر اُن سے رابطہ کاری کرے گا اور ایسی دیگر ریاستوں / مرکزی علاقوں سے ایسے افراد کی نقل و حرکت کے لیے اُن کی رضامندی چاہے گا۔

b. پھنسے ہوئے دہلی کے باشندوں کی کل تعداد کی بنیاد پر، کمشنر (ٹرانسپورٹ)، مینجنگ ڈائرکٹر (ڈی ٹی سی) اور مینجنگ ڈائرکٹر (ڈی ٹی ٹی سی)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی، مناسب سینی ٹائزیشن اور نشست میں محفوظ سماجی فاصلے کی سخت پابندی کو یقینی بناتے ہوئے، انھیں واپس لانے کے لیے مختلف ریاستوں / مرکزی علاقوں کے پہلے سے نامزد کردہ مقامات پر ضروری تعداد میں بسیں بھیجیں گے۔

c. جس ریاست میں دہلی کے باشندے پھنسے ہوئے ہیں وہاں اتھارٹیز کے ذریعے ان کی مناسب اسکریننگ کے بعد صرف اُنھیں افراد کو بسوں میں بیٹھنے کی اجازت دی جائے گی جن میں کوئی علامات نہیں پائی جائیں گی۔

d. دہلی میں آمد پر، بسوں سے اترنے کے ہر مقام پر محکمہ صحت اور خاندانی بہبود کی نامزد کردہ ٹیمیں ایسے تمام افراد کی تشخیص کریں گی۔ ضلع مجسٹریٹ اس امر کو یقینی بنائیں گے کہ ایسے افراد گھروں میں قرنطینہ میں رکھے جائیں، سوائے ان افراد کے جنھیں تشخیص کے نتیجے میں ادارہ جاتی قرنطینہ میں رکھنا ضروری سمجھا جائے۔ انھیں نگرانی میں رکھا جائے گا اور وقفے وقفے سے ان کی صحت کی جانچ کی جائے گی۔ اس مقصد سے، ایسے افراد کو آروگیہ سیتو ایپ کے استعمال کی طرف راغب کیا جائے گا تاکہ اس کے ذریعے سے ان کی صحت کی نگرانی اور خبر گیری کی جاسکے۔ اس سلسلے میں گھریلو قرنطینہ پر وزارت صحت اور خاندانی بہبود (MoHFW) کی رہنما ہدایات کی پابندی لازمی ہے جنھیں https://www.mofw.gov.in/pdf/Guidelinesforhomequarantine.pdf پر دیکھا جاسکتا ہے۔

## داخلی اور خارجی نقل و حرکت کے لیے عام رہنما ہدایات

- اسٹیٹ نوڈل آفیسر افراد کو لینے والی ریاستوں اور بھیجنے والی ریاستوں کے ریزیڈنٹ کمشنروں سے رابطہ کرکے جامع منصوبہ بندی کریں گے تاکہ افراد کی تعداد متعین کی جاسکے اور ان کے سفر کے لیے وزارت داخلہ، بھارت سرکار کے حکم نامے مؤرخہ 29.04.2020 کے مطابق ضروری انتظامات کرنے کے لیے ڈیٹابیس تیار کی جاسکے۔ ریاست کے متعلقہ نوڈل آفیسر زاسٹیٹ نوڈل آفیسر کی مدد کریں گے۔
- دہلی کے پولیس کمشنر اس امر کو یقینی بنائیں گے کہ ڈسٹرکٹ ڈپٹی پولیس کمشنرز پھنسے ہوئے افراد کے بسوں میں سوار ہونے،بسوں سے اترنے اور ان کی میڈیکل اسکریننگ کے مقامات پر سیکیورٹی کے مناسب انتظامات کریں، اور ساتھ ہی ایسے تمام مقامات پر سماجی فاصلے کے پروٹوکولس کی سخت پابندی کو یقینی بنائیں۔ اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ پورے خطہ قومی راجدھانی دہلی میں غیر قانونی اجتماع اور افراد کی بے ترتیب نقل و حرکت کو روکنے کے لیے تمام مناسب اقدام کیے جائیں اور ساتھ ہی بین الریاستی نقل و حرکت پر اور بین الریاستی سرحدوں پر کڑی نگرانی رکھی جائے اور ان تمام علاقوں میں مناسب تعداد میں پہرے لگائے جائیں جہاں مہاجر مزدور رہ رہے ہیں تاکہ لوگ غیر قانونی نقل و حرکت نہ کرسکیں۔
- دہلی کے اسٹیٹ لیول نوڈل آفیسر اور دہلی پولیس کے نوڈل آفیسر اس سلسلے میں وزارت داخلہ، بھارت سرکار اور حکومت دہلی کے جاری کردہ تمام احکامات/رہنما ہدایات/پروٹوکولس کی پابندی کو یقینی بنائیں گے۔